حکیم الامت مجدد الملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

ملفوظات حکیم الامت

اِدارۂ تالیفاتِ اشرفیہ
چوک فوارہ ملتان پاکستان
(061-4540513-4519240

بسلسلہ ــــــ الافاضات الیومیہ من الافادات القومیۃ

ملفوظاتِ حکیم الامت

جلد نمبر ۵

از

حکیم الامت مجدد الملت حضرۃ مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ

عنوانات

حضرت مولانا محمود اشرف عثمانی مدظلہ

استاذ الحدیث دار العلوم کراچی

ناشر:

ادارۂ تالیفاتِ اشرفیہ

چوک فوارہ ملتان پاکستان

061-540513
061-519240

E-MAIL: Ishaq90@hotmail.com // Website : www.Taleefat-e-Ashrafia.com

خاصان حق کی علامات

(ملفوظ ۳۵۰) ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ اہل اللہ اور خاصان حق کی علامات اور ان حضرات کی صحبت کی برکت کو اہل بصیرت ہی سمجھ سکتے ہیں اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔

نور حق ظاہر بود اندر ولی　　　نیک بین باشی اگر اہل ولی

اسی کا ترجمہ گلزار ابراہیم میں مولوی ابوالحسن صاحب نے کیا ہے اور خوب کیا ہے

مرد حقانی کی پیشانی کا نور　　　کب چھپا رہتا ہے پیش ذی شعور

اس کی تائید میں ایک قصہ نقل فرمایا کہ ایک مرتبہ مولانا رفیع الدین صاحب کے متعلق حضرت مولانا محمد قاسم صاحب رحمتہ اللہ علیہ نے فرمایا تھا کہ یہ مولانا رشید احمد صاحب سے کمالات باطنی میں کسی طرح کم نہیں۔ بس اتنا فرق ہے کہ وہ ظاہری عالم بھی ہیں یہ عالم نہیں ایسا ادراک اہل بصیرت ہی کو ہوسکتا ہے اور اس کو وہی سمجھ سکتے ہیں ہم لوگوں کو ان کمالات کا کیا خاص پتحر علم ہوسکتا ہے البتہ اتنا یاد ہے کہ کیسا ہی رنج اور غم اور پریشانی ہوئی حضرت مولانا گنگوہی کے پاس جا کر بیٹھے اور سکون ہوا اتنی برکت تو صحبت کی یاد ہے جو ایک درجہ میں علامت بھی ہے اس برکت کا ایک اور واقعہ یاد آیا میں نے ایک بار مولانا گنگوہی سے ایک سوال کیا کہ توسل کی حقیقت کیا ہے مولانا نے پوچھا سائل کون ہے میں نے عرض کیا کہ اشرف علی تعجب سے فرمایا تم پوچھتے ہو اور کچھ نہیں فرمایا۔ میں نے بھی دوبارہ عرض کرنے کو خلاف ادب سمجھا مگر یہ حضرت کی برکت ہے کہ بدون کسی ظاہری ذریعہ کے اللہ تعالی نے اس کی حقیقت منکشف فرمادی مقبولین کی صحبت سے علمی مشکلیں بھی حل ہوجاتی ہیں اسی کو مولانا فرماتے ہیں۔

اے بقائے تو جواب ہر سوال　　　مشکل از تو حل شود بے قیل وقال

اور جو تحقیق منکشف ہوئی وہ یہ ہے کہ توسل کے معنی تقریب کے ہیں

وابتغو الیہ الوسیلة

میں بھی وسیلہ کے معنے قرب کے ہیں یعنی اعمال صالحہ سے قرب حاصل کرو بعض نے ناواقفی سے پیر کے معنی مراد کے لئے ہیں جو محض غلطی ہے آگے تقرب کی دو قسمیں ہیں (۱) بالاعمال اور (۲) بالاعیان پس یہی دو قسمیں توسل کی بھی ہیں اور کلام توسل